NYC Human Resources Administration Department of Social Services
CHILD SUPPORT SERVICES

نیو یارک سٹی کا دفتر برائے امداد اطفال کی خدمات (OCSS)

دفتر برائے امداد اطفال کی خدمات میں مقدمہ امداد اطفال کی تمام ادائیگیوں کا ریکارڈ تخلیق کرتا ہے اور والدین کے درمیان غیر جانب دارانہ پیغام رسانی کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ خواہ آپ کے پاس پہلے سے طلاق کا فرمان ہو یا امداد اطفال پروگرام کے علاوہ کسی اور قسم کے معاہدے سے وابستہ ہوں، امداد اطفال کا مقدمہ دائر کرنے کے کئی فوائد ہیں۔

مراعات

- قانونی سلسلہ نسب
- امداد اطفال کی ادائیگیاں
- والد/والدہ-بچے کا رشتہ
- صحت کا بیمہ
- غیر جانب دار ثالث

متعین شدہ سلسلہ نسب کے ساتھ:

- پینشن فنڈز
- فوجی الاؤنس

خدمات

تمام تولیتی والدین، سرپرست اور نگہداشت کنندگان اپنی آمدنی اور امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر امداد اطفال کی خدمات کے اہل ہیں۔ OCSS عملہ عوامی مفاد میں کام کرتا ہے اور امداد اطفال کے مقدمے کے کسی بھی فریق کی نمائندگی نہیں کرتا۔ فریقین کو کسی وکیل کی خدمات حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ مختصراً یہ کہ OCSS مندرجہ ذیل کی پیشکش کرتا ہے:

- غیر تولیتی والدین کی تلاش
- پروانہ طلبی جاری کرنا
- قانونی سلسلہ نسب کا تعین کرنا
- جینیاتی جانچ کے لیے سفارش نامے
- امدادِ اطفال کے احکامات کے تعین اور ترمیم کے لیے عدالت کے سفارش نامے یا طے شدہ معاہدے
- امداد اطفال کی ادائیگیاں وصول اور تقسیم کرنا
- امداد اطفال کے احکامات کا نفاذ کرنا
- تصفیۂ قرض برائے امداد اطفال اور خدمات ثالث کے لیے سفارش نامے
- ملازمتی خدمت کے سفارش نامے

مقدمہ پر کارروائی

1 امدادِ اطفال کی خدمات کے لیے اندراج کروائیں

nyc.gov/hra/ocss پر آن لائن درخواست تک رسائی کریں۔ اگر آپ نقد اعانت کے لیے درخواست دینے یا نقد اعانت پانے والے تولیتی والد/والدہ ہیں، تو آپ سے امداد اطفال کی شرائط کی تعمیل کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے اور خدمات کے لیے آپ کو خود بخود ریفر کیا جائے گا۔

2 امدادِ اطفال سے متعلق معاہدہ طے کریں یا عدالت میں حکم نامہ حاصل کریں

سلسلہ نسب کا تعین ہو جانے پر، والدین امدادِ اطفال کے معیاری رہنما اصولوں پر عمل کر کے امدادِ اطفال کا معاہدہ حاصل کرنے کے لیے OCSS کسٹمر سروس کے عملے کے ساتھ کام کر سکتے ہیں۔ معاہدہ سماعت سے پہلے عدالت میں دائر کیا جائے گا۔ متبادل طور پر، فریقین صرف عدالت کے ذریعے روایتی کارروائی کی پیروی کر سکتے ہیں جس میں زیادہ وقت لگتا ہے۔

3 امدادِ اطفال کا آرڈر نافذ ہوتا ہے اور ادائیگیاں موصول کی جاتی ہیں اور انہیں تقسیم کیا جاتا ہے۔ دونوں فریقین میں سے کوئی بھی حکم نامے میں ترمیم کی درخواست کر سکتا ہے۔

آرڈر کا تعین ہو جانے کے بعد، قابل ادا رقم کی نگرانی کی جاتی ہے اور ادائیگی کو یقینی بنانے کے لیے ہمارا پروگرام وفاقی طور پر لازم کردہ اقدامات استعمال کرتا ہے۔ اگر حالات میں کوئی تبدیلی ہوتی ہے، تو والدین حکم نامے کو موافق بنانے اور عدالت میں اسے حتمی شکل دینے کے لیے کسٹمر سروس کے عملے سے ملاقات یا حکم نامے میں ترمیم کے لیے عدالت کی روایتی کارروائی کی پیروی کر سکتے ہیں۔